انہیں رہنے دو میں نے ان کے اندر اپنے پاؤں طہارت کی حالت میں داخل کیے تھے

مغیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : میں ایک سفر میں اللہ کے نبی ﷺ کے ساتھ تھا میں نے آپ ﷺ کے موزے اتارنے کے لیے ہاتھ بڑھایا، تو آپ ﷺ نے فرمایا : "انہیں رہنے دو میں نے ان کے اندر اپنے پاؤں طہارت کی حالت میں داخل کیے تھے" پھر آپ نے موزوں پر مسح فرمایا

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم ایک سفر میں تھے سفر کے دوران آپ نے وضو کیا وضو کرتے ہوئے جب پاؤں دھونے کی باری آئی، تو مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے آپ کے موزوں کو اتارنے کے لیے ہاتھ بڑھایا، تاکہ آپ اپنے پیروں کو دھو سکیں ان کو ہاتھ بڑھاتے ہوئے دیکھ کر اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: انھیں رہنے دو ان کو مت اتارو کیوں کے جب میں نے موزے پہنے تھے، اس وقت میں باوضو تھا چنانچہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے اپنے پیروں کو دھونے کے بجائے ان پر مسح کیا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3014